ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ چھٹا عام اجلاس کی صدارت کررہے ہیں اس موقع پر وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو اور میونسپل کمشنر احمد یار اور اراکین کونسل بھی موجود ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 08-03-2024

حوالہ نمبر TMC/G/INF/040/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کا چھٹا عام اجلاس چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا ان کے ہمراہ وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو میونسپل کمشنر احمد یار بھی موجود ہیں اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا گزشتہ اجلاس کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اسکے بعد کونسل ممبر پارلیمانی لیڈر میر عباس تالپور نے قرارداد پیش کی جس میں ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی پر سپریم کورٹ آف پاکستان نے صدارتی ریفرنس پر تاریخی فیصلہ سنا دیا کہ عدلیہ نے ماضی میں غلط فیصلہ کیا یہ قرارداد اکثریت رائے سے منظور کی گی اس کے بعد شہید عبداللہ مراد کی برسی کے موقع پر دعا مغفرت کی، چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے مختلف محکموں پر مشتمل کمیٹیوں کے چیئرمین اور ممبران کے ناموں کی تفصیل سے آگاہ کیا جس میں ٹیکسیشن کمیٹی، انجینئرنگ ورک اینڈ سروس کمیٹی، فنانس کمیٹی، اسپورٹس کمیٹی، سوشل ویلفیئر کمیٹی، ایڈمنسٹریشن کمیٹی، سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کمیٹی، لاء اینڈ آرڈر کمیٹی، میڈیکل اور وومین ڈیولپمنٹ کمیٹی، شامل ہیں ان تمام کمیٹیوں کی تشکیل پر تمام ممبران نے خوشی کا اظہار کیا، تمام کونسل ممبران نے اینٹی انکروچمنٹ سیل کے انچارج سہیل یار خان کے تجاوزات کے خلاف کامیاب آپریشن پر تعارف کی تمام کونسل ممبران نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف ہر یوسی میں آپریشن ہونا چاہئے لیڈی ممبر مہر النساء بلوچ نے کہا کہ آج وومین ڈے ہمیں فخر ہے ہماری شہید رانی بے نظیر بھٹو پر انہوں نے وومین کی ترقی کے لیے بہت کام کیا، گڈاپ ٹاؤن کے چیئرمین نے وومین ڈے کے موقع پر اجرک کے تحائف پیش کیے جس میں لیڈی کونسل ممبر مہر النساء بلوچ، کونسل ممبر ثمینہ زرداری، کونسل ممبر سیما جوکھیو شامل ہیں،

اجلاس میں تمام کونسل ممبران نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا جس میں کونسل ممبر محمد رفیق جوکھیو، ممبر امن دین جوکھیو، ممبر علی محمد گبول، ممبر داد کریم بلوچ، ممبر سلیم میمن، ممبر دانش بروفت، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر عیسٰی بلوچ، شامل تھے، اس موقع پر افسر مالیات افتخار احمد داؤ، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، سپرنٹنڈنٹ انجینئر (بی اینڈ آر) فرحان علی لاشاری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر (ایم اینڈ ڈی) ممتاز علی زرداری، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈائریکٹر ٹیکسز ہمایوں عمران خان، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ ہدایت اللہ شیخ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن فضل الغاری، کونسل آفیسر محمد سجاد، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکس ریاض حمید بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر عدنان بلوچ، چیئرمین پی ایس، لال جان نبی اور دیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ